PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس: **مورخہ: 11 جولائی، 2026**

گلاف ایڈوائزری

پریس ریلیز

پی ڈی ایم اے کی جانب سے گلیشیائی جھیل پھٹنے اور فلش فلڈ کے خطرات کے پیش نظر متعلقہ اضلاع کی انتظامیہ کو الرٹ جاری، پیشگی حفاظتی اقدامات کی ہدایت

پشاور: صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے گلیشیائی جھیل پھٹنے، فلش فلڈ، لینڈ سلائیڈنگ اور مٹی کے تودے گرنے کے خدشے کے پیش نظر اپر چترال، لوئر چترال، اپر دیر، سوات، بحرین سوات، اپر کوہستان، لوئر کوہستان اور مانسہرہ کی ضلعی انتظامیہ کو الرٹ جاری کر دیا ہے۔

محکمہ موسمیات نے آئندہ ہفتے شمالی علاقوں میں ایک نئے مغربی سسٹم کی پیشگوئی کی ہے، جس کے باعث خیبر پختونخوا کے بالائی علاقوں میں درمیانی سے شدید بارش اور گرج چمک کا امکان ہے۔ پہلے سے جاری شدید گرمی کے باعث گلیشیئرز کے تیزی سے پگھلنے کا عمل مزید بڑھ سکتا ہے، جس سے دریاؤں اور ندی نالوں میں پانی کی سطح بلند ہونے، گلیشیائی جھیلوں کے پھیلنے اور نئی جھیلیں بننے کا خدشہ ہے۔

پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ حساس علاقوں کی مسلسل نگرانی کی جائے، نشیبی علاقوں میں رہنے والے افراد کو بروقت آگاہ کیا جائے، محفوظ مقامات پر انخلا کی تیاری مکمل رکھی جائے اور ریسکیو اداروں، ایمرجنسی سروسز اور متعلقہ محکموں کو ہر وقت الرٹ رکھا جائے۔

پی ڈی ایم اے نے سیاحوں اور مقامی افراد کو ہدایت کی ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، دریا، ندی نالوں، گلیشیائی جھیلوں اور پہاڑی دروں کے قریب جانے سے اجتناب کریں، جبکہ کیمپنگ اور ٹریکنگ سے بھی پرہیز کریں۔ عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ موسمی صورتحال پر نظر رکھیں، مقامی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کریں۔ پی ڈی ایم اے کا ایمرجنسی آپریشن سنٹر مکمل طور پر فعال ہے عوام کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر پی ڈی ایم اے کی 24 گھنٹے فعال ایمرجنسی ہیلپ لائن 1700 پر اطلاع دیں۔

ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا